تعلیمات اسلامی (لازمی)	لاہور بورڈ، 2015	انٹر پارٹ-I دوسرا گروپ
وقت: 15 منٹ	(معروضی طرز)	کل نمبر: 10

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A, B, C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1-1 محمدؐ نے اپنے غلام زیدؓ کی شادی اپنی پھوپھی زاد سے کر دی:

(A) زنیرہؓ (B) اسماءؓ (C) زینبؓ (D) صفیہؓ

-2 بعثت کے بعد مکہ میں کتنے سال گزارنے کے بعد ہجرت مدینہ کا حکم ہوا:

(A) دس (B) آٹھ (C) تیرہ (D) گیارہ

-3 "اے ایمان والو! بچاؤ اپنی جان کو اور اپنے گھر والوں کو":

(A) شرک (B) آگ (C) دولت (D) میزان

-4 "بیشک اللہ کے نزدیک عزت والا وہ ہے":

(A) عبادت گزار (B) زکوٰۃ دینے والا (C) موذن (D) متقی

-5 اللہ سے محبت کی لازمی شرط ہے:

(A) اطاعت الٰہی (B) اطاعت صحابہؓ (C) اتباع رسولؐ (D) عبادت

-6 کس برائی کو بھائی کا مردہ گوشت کھانے کے برابر کہا گیا ہے:

(A) جھوٹ (B) ظلم (C) غیبت (D) حسد

-7 قیامت کے دن کے بعد برے لوگ مقام میں رہیں گے:

(A) نعیم (B) جحیم (C) سجین (D) راضیہ

-8 جامع الترمذی کس کی تالیف ہے:

(A) ابوعبداللہ (B) ابوعیسیٰ (C) ابوعبدالرحمٰن (D) ابن حجر

-9 نبی کے علاوہ رسول کا لفظ کس کے لیے استعمال ہوا ہے:

(A) وحی (B) جن (C) کتاب (D) فرشتوں

-10 محمدؐ نے فرمایا تیرے باپ ہیں:

(A) ایک (B) چار (C) دو (D) تین